**17.08.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

------------------------------

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے خطہ جنوب کے کم ترقی یافتہ ملکوں پر زور دیا ہے کہ وہ متحد رہیں اور مل کر آواز اٹھائیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت نے اِن ملکوں کے ساتھ تجارت کو فروغ دینے کا تہیہ کررکھا ہے۔

☆ کولکاتہ میں ایک ڈاکٹرنی کی عصمت دری اور قتل کی وجہ سے آج ملک بھر میں ڈاکٹروں کی ہڑتال سے طبی خدمات متاثر ہوئی ہیں۔

☆ کرناٹک کے گورنر نے **MUDA** دھاندلی میں وزیر اعلیٰ سدا رمیّا کے خلاف کارروائی کرنے کی منظوری دے دی ہے۔

☆ **2024** کے پیرس پیرالمپک کھیلوں کی افتتاحیہ تقریب میں **Sumit Antil** اور بھاگیہ شری جادھو بھارت کے پرچم بردار ہوں گے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM GLOBAL SOUTH EARLY**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کم ترقی یافتہ ملکوں پر زور دیا ہے کہ وہ متحد رہیں اور ایک ساتھ مل کر آواز اٹھائیں۔ آج ترقی یافتہ اور کم ترقی یافتہ ملکوں کی تیسری ورچوئل چوٹی میٹنگ میں اپنے افتتاحی کلمات میں انہوں نے یہ بات کہی۔

وزیر اعظم نے دنیا میں موجودہ غیر یقینی کے ماحول اور چیلنجوں پر تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے اِس طرف توجہ دلائی کہ دنیا پوری طرح کووڈ 19 کے اثرات سے باہر نہیں نکل سکی ہے اور ملکوں کے درمیان تنازعات بھی کم ترقی یافتہ ملکوں کے ترقیاتی سفر میں اہم چیلنج بن رہے ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ اِن ملکوں کو آب و ہوا میں تبدیلی، صحت، اناج اور توانائی جیسے امور پر تشویش ہے اور یہ اُن کیلئے چیلنج بنے ہوئے ہیں۔

وزیر اعظم نے یقین دلایا کہ بھارت نے سبھی کم ترقی یافتہ ملکوں کو اپنے تجربات اور صلاحیتوں سے روشناس کرانے کا تہیہ کررکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ برسوں میں بنیادی ڈھانچے، ڈجیٹل اور توانائی کے شعبوں میں اِن ملکوں کے ساتھ

تعاون اور اشتراک بڑھا ہے۔ جناب مودی نے بتایا کہ LiFE مشن کے تحت بھارت چھتوں پر توانائی کے قابل تجدید طریقوں کو ترجیح دے رہا ہے بلکہ اس بارے میں اپنے ساتھی ملکوں کی بھی مدد کررہا ہے۔ x

## IMA STRIKE

انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن کی 24 گھنٹے کی ملک بھر میں ہڑتال کی اپیل کے جواب میں ڈاکٹر ، میڈیکل طلباء اور پیشہ ور افراد آج احتجاج کررہے ہیں۔ ایسوسی ایشن نے کولکاتہ کے RG Kar میڈیکل کالج اور اسپتال میں ایک ڈاکٹرنی کی آبرو ریزی اور اُس کے قتل پر احتجاج کرنے کیلئے پورے ملک میں ہڑتال کرائی ہے۔ کل صبح چھ بجے تک غیر ایمرجنسی اور OPD خدمات ہڑتال سے متاثر رہیں گی۔ البتہ تمام ضروری خدمات کو برقرار رکھا جارہا ہے۔

دلّی میں رام منوہر لوہیا اسپتال اور لیڈی ہارڈنگ میڈیکل کالج اسپتال کے ڈاکٹر احتجاج کررہے ہیں۔ دلّی میں ہی آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز کے فیکلٹی ممبر بھی ہڑتال میں شامل ہوگئے ہیں۔

بہار میں سرکاری اسپتالوں اور پرائیویٹ اسپتالوں میں ڈاکٹروں کی ہڑتال کی وجہ سے طبی خدمات متاثر ہوئی ہیں۔ x

## BJP KOLKATA DOCT

کولکاتہ میں ایک ڈاکٹرنی کی آبرو ریزی اور قتل کے واقعے پر BJP نے آج بھی مغربی بنگال سرکار کو نشانہ بنانے کا سلسلہ جاری رکھا۔ پارٹی نے الزام لگایا کہ ریاستی سرکار، اُن لوگوں کے خلاف کام کررہی ہے، جو اس واقعے پر آواز اٹھا رہے ہیں۔ پارٹی ترجمان شہزاد پونا والا نے نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ TMC سرکار نے 43 ڈاکٹروں کا تبادلہ کردیا ہے، جو انصاف کیلئے آواز اٹھا رہے تھے۔ انہوں نے یہ الزام بھی لگایا کہ کولکاتہ پولیس اِس واقعے کے خلاف سوشل میڈیا پر اظہارِ خیال کرنے والوں کو دھمکیاں دے رہی ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ حکمراں TMC اِس معاملے میں مجرموں کا بچاؤ کر رہی ہے۔ جناب پونا والا نے الزام لگایا کہ ریاستی سرکار نے اِس معاملے میں تاناشاہی کا رویہ اختیار کررکھا ہے۔ x

## ANDHRA PRADESH VP VISIT

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ آج آندھراپردیش میں Nellore ضلعے کے Sri Potti Sriramulu کے ایک روزہ دورے پر ہیں۔ جب وہ تروپتی سے Nellore میں پولیس پریڈ گراؤنڈ پہنچے تو ریاستی گورنر عبدالنذیر ، بلدیاتی انتظامیہ اور شہری ترقی کے وزیر Ponguru Narayana ، ایک دوسرے وزیر Anam Ramanarayana Reddy اور ریاستی سرکار کے دوسرے اہلکاروں نے ، اُن کا استقبال کیا۔ اس کے بعد وہ وینکٹا چلم میں سرسوتی نگر میں واقع Akshara وِدیالیہ چلے گئے۔ اسکول میں انہیں تعلیمی نظام اور اکشرا ودیالیہ میں درس و تدریس کے مختلف طریقوں کے بارے میں بتایا گیا۔

نائب صدرِ جمہوریہ نے اسکول میں ہنر مندی کے فروغ کیلئے چلائے جانے والے مرکز کا بھی معائنہ کیا۔ نائب صدرِ

جمہوریہ نے موجودہ حالات میں نوجوانوں کو ہنرمندی کے فروغ کی تربیت دینے پر زور دیا۔ اس کے بعد نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکڑ Swarana بھارت ٹرسٹ پہنچے ، جہاں سابق نائب صدرِ جمہوریہ جناب ایم وینکیا نائیڈو نے اُن کا استقبال کیا۔ اس موقع پر جناب دھنکڑ کو ٹرسٹ کی طرف سے چلائی جانے والی مختلف سرگرمیوں کے بارے میں بتایا گیا۔ نائب صدرِ جمہوریہ نے Swarana بھارت ٹرسٹ کے 23 ویں سالانہ دن کی تقریبات میں مہمانِ خصوصی کے طور پر شرکت کی۔ x

## BJP OFFICE BEARERS MEET

آج تیسرے پہر نئی دلّی میں BJP کے قومی عہدیداروں کی میٹنگ ہورہی ہے۔ میٹنگ کی صدارت پارٹی صدر جے پی نڈا کریں گے۔ میٹنگ میں پارٹی کی رکنیت کی مہم ،تنظیمی انتخابات اور آئندہ اسمبلی چناؤ کی تیاریوں پر غور کئے جانے کی امید ہے۔ میٹنگ میں دوسروں کے علاوہ ، پارٹی کے قومی عہدیدار ، ریاستی انچارج ، ریاستی BJP کے صدور اور ریاستی BJP کے تنظیمی جنرل سکریٹری شرکت کریں گے۔ لوک سبھا انتخابات کے بعد BJP کے پارٹی عہدیداروں کی یہ پہلی بڑی میٹنگ ہوگی۔x

## KARNATAKA MUDA SCAME

کرناٹک کے گورنر تھاور چند گہلوت نے آج میسورو شہری ترقیاتی اتھارٹی Muda سائٹ الاٹمنٹ گھپلے کے سلسلے میں وزیر اعلیٰ سدارمیا کے خلاف کارروائی کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ یہ منظوری ٹی جے ابراہم، پردیپ اور سنیہ مائی کرشنا کی طرف سے دائر کی گئی تین عرضیوں کی بنیاد پردی گئی ہے۔ اس سے پہلے 26 جولائی کو گورنر گہلوت نے وزیر اعلیٰ سدا رمیا کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا تھا، جس میں ان سے سات دن کے اندر جواب داخل کرنے کو کہا تھا کہ انہیں قانونی چارہ جوئی کا سامنا کیوں نہیں کرنا چاہیئے۔ اس کے جواب میں کرناٹک کی کابینہ نے سخت سفارش کی تھی کہ گورنر، وزیراعلیٰ کو جاری کردہ نوٹس کو واپس لیں۔ کابینہ نے ان پر آئینی کردار کا غلط استعمال کرنے کا الزام لگایا۔××

## GOPINATH INDIAN ECONOMY

بین الاقوامی مالی فنڈ IMF کی فرسٹ ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر ڈاکٹر گیتا گوپی ناتھ نے کہا ہے کہ پچھلے مالی برس 2023-24 کے دوران بھارت کی ترقی نے اُمید سے زیادہ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور توقع ہے کہ 2027 تک بھارت دنیا کی تیسری بڑی معیشت بن جائے گا۔ محترمہ گوپی ناتھ نے کہا کہ ملک کو اگلے پانچ چھ سال کے دوران لاکھوں اضافی روزگار پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ IMF نجی صرفے کی بحالی نیز فصلوں کی پیداوار میں اضافے کے لئے ایک سازگار مانسون کی امید کرتا ہے۔ محترمہ گوپی ناتھ نے مزید کہا کہ دو پہیہ گاڑیوں کی فروخت سے لے کر تیزرفتار گاڑیوں تک ملک میں مجموعی صرفے میں اضافہ ہورہا ہے۔ بھارتی آٹو موبائل مینوفیکچررس کی سوسائٹی کے تازہ ترین اعدادوشمار کے مطابق پچھلے مہینے کے دوران مسافرگاڑیوں ، دو پہیہ اور تین پہیہ گاڑیوں کی مجموعی پیداوار 24 لاکھ 37 ہزار یونٹ سے زیادہ رہی۔ ××

**BANGLADESH PRESIDENT OATH**

بنگلہ دیش میں کل، عبوری حکومت کے چار مزید مشیروں کو حلف دلایا گیا۔ صدر محمد شہاب الدین نے اِنھیں ڈھاکہ کے بنگا بھون کے دربار ہال میں عہدے کا حلف دلایا۔ نئے مشیروں کو عبوری حکومت کے چیف ایڈوائزر پروفیسر محمد یونس اور دیگر مشیروں کی موجودگی میں حلف دلایا گیا۔

فوج کی تینوں شاخوں کے سربراہ بھی اِس موقع پر موجود تھے۔ ''بنگلہ دیش Sangbad سنستھا'' BSS کے مطابق جن مشیروں نے حلف لیا ہے وہ ہیں: ماہرِ اقتصادیات وحیدالدین محمد، سابق سکریٹری محمد فوز الکبیر خان، سابق کابینہ سکریٹری علی امام مجمدار اور معذول بنگلہ دیش رائفلز کے سابق ڈائریکٹر جنرل ریٹائرڈ لیفٹننٹ جنرل جہانگیر عالَم چودھری۔

اِن چار مشیروں کی حلف برداری کے بعد، یونس کی قیادت والی عبوری حکومت میں مشیروں کی کونسل کے ارکان کی تعداد اب 21 ہوگئی ہے۔

**IMD WEATHER**

بھارت کے موسمیات کے محکمے نے اگلے چھ دن کے دوران ملک کے مشرقی اور وسطی حصوں میں اور زیادہ بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمے کا کہنا ہے کہ خلیج بنگال کے شمال مغربی حصے اور مغربی بنگال کے ملحقہ علاقے میں ہوا کا کم دباؤ بنا ہوا ہے۔ اس کے زیرِ اثر اور اس کے مزید شدت اختیار کرنے کے نتیجے میں اِس مہینے کی 22 تاریخ تک چھتیس گڑھ، مدھیہ پردیش، مدھیہ مہاراشٹر، اڈیشہ، مغربی بنگال، جھارکھنڈ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تری پورہ، سکم، اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ میں کہیں تیز اور کہیں بہت تیز بارش ہوسکتی ہے۔ x

**SOUTH KOREA MPOX**

جنوبی کوریا کے حکام نے MPOX کی وجہ سے قرنطینہ اور نگرانی بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ کوریا کی بیماریوں پر کنٹرول اور روک تھام سے متعلق ایجنسی KDCA نے یہ اعلان کیا ہے۔ اس سے پہلے اِس ایجنسی نے MPOX کے ملک میں امکانی طور پر پھیلنے اور اِس سلسلے میں متعلقہ حکمتِ عملی کے سلسلے میں ماہرین کے ساتھ تبادلۂ خیال کیا تھا۔ KDCA کے حکام نے بتایا ہے کہ امراض کے کنٹرول سے متعلق ضابطوں کے تحت ملک میں اِس وقت MPOX کی صورتحال کنٹرول میں ہے۔ البتہ نگرانی قرنطینہ بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ x

**MANDAVIYA PARALYMPIC**

ٹوکیو پیرالمپکس میں سونے کا تمغہ حاصل کرنے والے سمت انتل اور شاٹ پُٹ اسٹار بھاگیہ شری جادھو پیرس پیرالمپکس کی افتتاحی تقریب میں بھارتی دستے کے پرچم بردارہوں گے۔

اِس سال کے پیرس پیرالمپکس کھیل مقابلوں میں اب تک کے سب سے زیادہ 84 کھلاڑی حصہ لیں گے۔ یہ کھیل

مقابلے اِس مہینے کی 28 تاریخ سے 8 ستمبر 2024 تک منعقد ہوں گے۔ 47 ایتھلیٹس ایسے ہیں، جو اِن مقابلوں میں پہلی بار شرکت کر رہے ہیں۔

معذور افراد کے، اِن پیرس کھیل مقابلوں میں حصہ لینے والے بھارتی کھلاڑیوں کی روانگی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے کہا کہ اِس دستے میں 50 کھلاڑی ہیں، جنھوں نے Target Olympic Podium Scheme (TOPS) سے فائدہ حاصل کیا۔

انھوں نے کہا کہ حکومت نے اُنھیں اِس اسکیم کے تحت تربیت اور کوچنگ جیسی ہر ایک سہولت فراہم کی ہے۔

جناب مانڈویا نے کہا کہ بہت سے کھلاڑی، کھیلو انڈیا گیمز سے ابھرے ہیں۔

پیرس پیرالمپکس گیمز میں حصہ لینے والے کچھ کھلاڑیوں سے ہمارے نامہ نگار نے بات کی۔ کھلاڑیوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ وہ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے اور ملک کے لیے تمغے لے کر آئیں گے۔

پچھلے پیرالمپکس گیمز میں،جو ٹوکیو میں منعقد کیے گئے تھے، بھارتی کھلاڑیوں نے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 19 تمغے حاصل کیے تھے۔ اُن کھیل مقابلوں میں بھارت کے 54 کھلاڑی شریک ہوئے تھے۔x

## VINESH ARRIVAL

خاتون پہلوان ونیش Phogat پیرس اولمپکس میں پچاس کلوگرام کے زمرے میں گولڈ میڈل مقابلے میں افسوسناک نااہلی کے بعد آج صبح دلی کے اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر پہنچیں۔ انہیں خواتین کے پچاس کلوگرام فائنل مقابلے سے قبل 100 گرام زیادہ وزن کی وجہ سے نااہل قرار دیا گیا تھا۔

ونیش کو پیرس میں ہی رہنا پڑا کیونکہ انہوں نے مشترکہ چاندی کے تمغے کے لئے کھیلوں کی ثالثی سے متعلق عدالت CAS میں اپیل کی تھی۔تاہم ان کی اپیل خارج کردی گئی۔××

☆☆☆